**11.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سمیت کئی کابینہ وزیروں نے اپنی ذمے داریاں سنبھال لی ہیں۔

☆ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت پہلے اور **Vasudhaiva Kutumbakam** بھارت کی خارجہ پالیسی کے دو رہنما اصول ہوں گے۔ پاکستان اور چین کے ساتھ سرحدی مسئلے اور سرحد پار کی دہشت گردی روکنے جیسے معاملات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

☆ سپریم کورٹ نے میڈیکل کورس کیلئے **Councelling** عمل پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے اور اُس درخواست کے بارے میں امتحانات سے متعلق قومی جانچ ایجنسی سے جواب دینے کو کہا ہے، جس میں **2024** کے انڈرگریجویٹ **NEET** امتحانات منسوخ کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔

☆ موسمیات کے محکمے نے اگلے پانچ دن کے دوران بہار اور اترپردیش میں گرمی کی لہر سے خبر دار رہنے کو کہا ہے۔

☆ آج دوحہ میں **FIFA** عالمی کپ **2026** کے ایک اہم **Qualifier** میچ میں بھارت کی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ قطر کے ساتھ ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Joinet Charge**

وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سمیت کئی وزیروں اور وزرائے مملکت نے اپنے عہدے کی ذمے داری سنبھال لی ہے۔ امت شاہ نے امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کی وزارت کا چارج سنبھالا۔
وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اِس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں جناب مودی کی تیسری سرکار کی خارجہ پالیسی نہایت کامیاب ثابت ہوگی۔ وہ آج صبح اپنی وزارت کی ذمے داری سنبھالنے کے بعد نامہ نگاروں سے

گفتگو کررہے تھے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ پہلے بھارت اور **Vasudhaiva Kutumbakam** بھارت کی خارجہ پالیسی کے دو رہنما اصول ہوں گے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت کا اثر ورسوخ بتدریج بڑھ رہا ہے اور ملک یہ محسوس کررہے ہیں کہ بھارت اُن کا سچا دوست ہے، جو بحران کے وقت اُن کے ساتھ رہتا ہے۔

اگلے پانچ سال کے دوران پاکستان اور چین کے ساتھ بھارت کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہاکہ جہاں تک پاکستان اور چین کا تعلق ہے، اِن دونوں ملکوں کے ساتھ سرحدی معاملات حل کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ بھارت سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی کا مسئلہ حل کرنا چاہتا ہے۔

اشونی ویشنو نے آج اطلاعات و نشریات کی وزارت میں وزیرمملکت کا عہدہ سنبھالا۔ اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے اُنہوں نے کہاکہ عوام نے ایک بار پھر وزیراعظم نریندر مودی کو ملک کی خدمت کرنے کا موقع دیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے بھارت کی معیشت کو، جو گیارہویں مقام پر تھی، ترقی دے کر پانچویں مقام پر پہنچا دیا۔ ڈاکٹر **L-Murugan** نے اطلاعات و نشریات کی وزارت میں وزیر مملکت کی ذمے داری سنبھال لی ہے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر **Murugan** نے کہاکہ سرکار کی اسکیموں اور پالیسیوں کو ملک کے عوام تک پہنچانے کیلئے مواصلات بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

**LJP** رام ولاس کے رہنما چراغ پاسوان نے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعت میں مرکزی وزیر کی حیثیت سے اپنا کام کاج سنبھالا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب پاسوان نے کہاکہ اُنہیں جو ذمے داری دی گئی ہے، وہ پوری لگن اور سخت محنت کے ساتھ اُسے پورا کریں گے۔ جناب پاسوان نے کہا کہ اُن کا محکمہ کسانوں کو براہِ راست فائدہ پہنچائے گا اور اُن کی آمدنی دوگنا کرنے میں مدد کرے گا۔

جناب گری راج سنگھ نے ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر کی حیثیت سے اپنی ذمے داری سنبھالی۔ اِس موقع پر ٹیکسٹائل کے سابق وزیر پیوش گوئل بھی موجود تھے۔ **Pabitra Margherita** نے اِسی وزارت میں وزیرمملکت کی حیثیت سے عہدہ سنبھالا ہے۔

بھوپیندر یادو نے بھی ماحولیات کے وزیر کی حیثیت سے اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے۔

سریش گوپی نے پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں وزیرمملکت کی حیثیت سے اپنا عہدہ سنبھالا۔ اِس موقع پر پٹرولیم اور گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری بھی موجود تھے۔ **Annpurna Devi** نے بچوں کی ترقی اور خواتین کے امور کی ذمے داریاں سنبھالی ہیں۔ کرن رجیجو پارلیمانی امور اور اقلیتی امور کی وزارت میں وزیر ہوں گے۔ جناب رجیجو نے تمام جماعتوں اور لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے سبھی ممبروں سے تعاون اور اشتراک پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ ہر ایک کو عوام کے فیصلے کا احترام کرنا چاہیئے، چاہے وہ سرکار میں ہوں یا اپوزیشن میں۔

جناب منوہر لال نے بجلی کی مرکزی وزیر کی حیثیت سے اور جناب جتیندرسنگھ نے عملے اور تربیت کے محکمے میں وزیرمملکت کی ذمے داری سنبھالی، جس کا اُن کے پاس آزادانہ چارج ہوگا۔

جناب سنجے سنگھ نے وزارت دفاع میں وزیرمملکت اور جناب جینت چودھری نے ہنرمندی کے فروغ اور صنعت کاری کی وزارت میں وزیرمملکت کی حیثیت سے عہدہ سنبھالا ہے۔

## Odisha BJP Meeting

اوڈیشہ بی جے پی کی قانون ساز پارٹی اپنے رہنما کے انتخاب کے لیے آج بھونیشور میں میٹنگ کرے گی۔ اس عمل کی نگرانی کے لیے مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو بطور مرکزی مشاہدین مقرر کیا گیا ہے۔ اوڈیشہ میں کل بی جے پی کی قیادت والی ایک نئی حکومت کے کام کاج سنبھالنے کی امید ہے۔ بی جے پی نے حالیہ انتخابات میں 147 رکنی ریاستی اسمبلی میں 78 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کی ہے۔

## Sikkim First Cabinet Meeting

سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے سکریٹریٹ میں اپنی کابینہ کی پہلی میٹنگ منعقد کی ہے۔ یہ میٹنگ کل حلف برداری کی تقریب کے تناظر میں ہے۔ اس میٹنگ کا ایک اہم مقصد سکم کے گورنر کی جانب سے رکن اسمبلی سنجیت کھریل کی عبوری اسپیکر کے طور پر تقرری کے لیے سفارش کرنا تھا۔ کابینہ نے تودے گرنے کے واقعات میں متاثرہ خاندانوں کو مکانات تعمیر کرنے کے لیے مالی اعانت کی رقم، سرکاری ملازمین اور پنشن پان والوں کے لیے مہنگائی بھتے میں چار فیصد کی منظوری اور سکم کے 50 ویں یوم تاسیس منانے کے لیے ایک شاندار جشن کا تیاری سے متعلق بھی فیصلے کیے۔

## Jharkhand Minister Resignation

جھارکھنڈ کے ایک وزیر عالمگیر عالم نے، جو کہ جیل میں ہیں، ریاستی کابینہ سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ تین دن پہلے وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے اُن سے تمام محکمے لے لیے تھے۔ عالمگیر نے جھارکھنڈ اسمبلی میں کانگریس قانون ساز پارٹی کے عہدے سے بھی استعفیٰ دے دیا ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں 15 مئی کو اُنہیں گرفتار کیا تھا۔ اِس سے پہلے عالمگیر عالم کے ایک معاون کے ٹھکانے سے تقریباً 32 کروڑ روپے نقد قبضے میں لئے گئے تھے۔

## SC NEET

سپریم کورٹ نے انڈرگریجویٹ نیٹ 2024 کے امتحانات کے بعد میڈیکل پروگرام کے سلسلے میں Counselling عمل پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔ عدالت نے اِس سلسلے میں ایک درخواست پر امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی اور دوسروں سے اُن کی رائے مانگی ہے۔ اِس درخواست میں عدالت سے کہا گیا تھا کہ اِس سال پانچ مئی کو انڈر گریجویٹ NEET کے امتحان کو منسوخ قرار دیا جائے۔ اِس معاملے کی اِسی سے وابستہ ایک دوسرے معاملے کے ساتھ اب اگلے مہینے کی آٹھ تاریخ کو سماعت کی جائے گی۔ عدالت میں کچھ طلبا نے درخواست دائر کرکے کہا ہے کہ امتحانات کی بدعنوانیوں اور جعلسازی کی جامع جانچ کرائی جائے۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ امتحانات کے نتائج کو منسوخ کرکے اِسے ازسر نو امتحان کرایا جائے۔

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے تین سے چار دنوں کے لیے بہار اور اترپردیش میں گرمی کی لہر کا الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ جموں ڈویژن کے کچھ حصوں، پنجاب، ہماچل پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، راجستھان، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں بھی اگلے پانچ دنوں کے دوران گرمی کی صورتحال جاری رہ سکتی ہے۔ اِس دوران محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ شمالی بحیرۂ عرب، گجرات اور مہاراشٹر میں اگلے دو دنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کی پیش رفت کے لیے حالات سازگار ہیں۔
محکمۂ موسمیات نے کونکن، گووا، وسطی مہاراشٹر اور کرناٹک میں اگلے چار سے پانچ دن کے دوران موسلادھار بارش اور گرج چمک کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اسی طرح کے موسمی حالات جنوبی بھارت کے بیشتر حصوں میں بھی رہ سکتے ہیں۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ اگلے سات دن کے دوران ملک کے شمال مشرقی خطے، مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش کا امکان ہے۔

**J&K Traffic Suspended**

جموں سرینگر قومی شاہراہ **NH44** پر **Nashri** اور **Banihal** کے درمیان دیکھ بھال کے کچھ فوری کام کی وجہ سے گاڑیوں کی آمدورفت آج رات بھی منقطع رہے گی۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ قومی شاہراہ پر فوری طور پر دیکھ بھال کا کچھ کام جاری ہے جس کی وجہ سے گاڑیوں کی کسی بھی قسم کی آمدورفت پر پابندی رہے گی۔ حالانکہ قاضی گُنڈ سے رام بن کی سمت جانے والی ایسی گاڑیاں جن میں تازہ اور جلد خراب ہونے والی کھانے پینے کی اشیاء ہیں، ان کو جموں-سرینگر قومی شاہراہ **44** پر آج شام چھ بجے کے بعد گزرنے کی اجازت ہوگی۔ اسی طرح شام پانچ بجے سے جموں میں **Nagrota** کی طرف سے اور شام چھ بجے اودھم پور سے گاڑیوں کی آمدورفت پر پابندی رہے گی۔ قومی شاہراہ سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے مسافر رام بن ٹریفک کنٹرول یونٹ **TCU** سے رابطہ کریں۔
رابطے کے نمبر ہیں: **9419993745** ، **1800-180-7043**

**PM Yoga Day**

یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن جیسے جیسے قریب آرہا ہے، وزیراعظم نریندر مودی عالمی دلچسپی کو فروغ دے رہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں آج، جناب مودی نے کہا کہ یوگ ایک لامحدود عمل ہے جو وحدت اور امن کا عکاس ہے۔ انہوں نے گوں ناگوں ثقافت اور جغرافیائی منظرنامے کے لیے ایک پُل کا کام کرنے کی یوگ کی قابل تعریف صلاحیت کو اُجاگر کیا اور کہا کہ یوگ نے مجموعی فلاح وبہبود کے حصول کے لیے دنیا بھر کے کروڑوں لوگوں کو متحد کیا ہے۔ یوگ کا بین الاقوامی دن ہر سال **21** جون کو منایا جاتا ہے۔

## PM Nawaz Sharif

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کے عوام ہمیشہ امن، سلامتی اور ترقی پسندانہ نظریات کے حامی رہے ہیں۔
پاکستان کے سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ نواز کے سربراہ نواز شریف نے جناب مودی کو تیسری میعاد کیلئے وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی تھی۔ جناب نواز شریف کی سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنے ردّعمل کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے یہ بات کہی۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ عوام کی فلاح وبہبود اور سلامتی کو آگے بڑھانا ہمیشہ ہی اُن کی ترجیح رہی ہے۔ جناب شریف نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ بھی کہا تھا کہ حالیہ انتخابات میں BJP کی کامیابی سے جناب مودی کی قیادت پر عوام کے اعتماد کا اظہار ہوتا ہے۔ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے بھی بھارت کے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لینے پر جناب مودی کو مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم مودی نے نیک خواہشات کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## PM India Qatar

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور قطر دونوں نے اپنے باہمی تعلقات کو ایسی بلندی پر پہنچانے کا تہیہ کررکھا ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ جناب مودی نے قطر کے امیر شیخ **Tamim Bin Hammad Al Thani** کے ساتھ اپنی بات چیت کے بعد سوشل میڈیا پر یہ بات کہی۔ جناب مودی نے بھارت کیلئے پرجوش اور نیک خواہشات اور مثبت جذبات کیلئے امیر قطر کا شکریہ ادا کیا۔

## Fifa World Cup Football

فٹ بال میں، بھارتی مردوں کی ٹیم آج دوحہ میں **FIFA** ورلڈکپ **2026**، اے۔ایف۔سی کوالیفائر کے دوسرے راؤنڈ کے میچ میں ایشیائی چیمپئن قطر کا مقابلہ کرے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات نو بج کر **15** منٹ پر شروع ہوگا۔ کوالیفائرس میں تیسرے راؤنڈ میں پہنچنے کے لیے بھارتی ٹیم کو گروپ **A** میں دو میں سے کم سے کم ایک مقابلہ جیتنا ضروری ہے۔

## Tennis Stuttgart Open

ٹینس میں بھارت کے **Yuki Bhambri** اور فرانس کے ان کے ساتھی کھلاڑی **Albano Olivetti** آج جرمنی میں **Stuttgart** اوپن ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔
**Bhambri** اور **Olivetti** مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹرس میں نیوزی لینڈ کے مائیکل وِینس اور برطانیہ کے **Neal Skupski** کی دوسرے درجے کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔

**UN Gaza Cease Fire**

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اسرائیل-غزہ جنگ بندی سے متعلق ایک منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اس منصوبے میں، مکمل جنگ بندی، حماس کے زیرِ حراست یرغمالیوں کی رہائی، ہلاک ہوگئے یرغمالیوں کی لاشیں واپس کرنے اور فلسطینی قیدیوں کے تبادلے سے متعلق شرائط طے کی گئی ہیں۔ امریکہ سمیت سلامتی کونسل کے 15 میں سے 14 ارکان نے اس قرار داد کے حق میں ووٹ دیے۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل نے جنگ بندی کی تجویز منظور کرلی ہے اور حماس پر زور دیا گیا ہے کہ وہ بھی اس پر راضی ہوجائے۔

☆☆☆